سوال

(357) والدین کی طرف سے حج کرو تمہیں ثواب ملے گا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہمارے والدین فوت ہوچکے ہیں اور انہوں نے فریضہ حج ادا نہیں کیا تھا اور نہ اس کی وصیت ہی کی تھی، تو کیا ہم ان کی طرف سے حج کر سکتے ہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر وہ اپنی زندگی میں خوش حال تھے اور حج کی مالی استطاعت رکھتے تھے تو آپ پر واجب ہے کہ ان کے مال سے ان کی طرف سے حج کریں اور اگر آپ اپنے مال سے ان کی طرف سے حج کریں تو آپ کو اس کا اجر و ثواب ملے گا۔ اور اگر وہ تنگ دست تھے تو پھر آپ کے لیے ان کی طرف سے حج کرنا لازم نہیں ہے یا ان میں سے اگر کوئی ایک تنگ دست تھا تو تنگ دست کی طرف سے حج کرنا لازم نہیں ہے، ہاں البتہ اگر آپ ان کی طرف سے حج کرلیں تو یہ نیکی ہوگی اور آپ کو اس کا اجر عظیم ملے گا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

کتاب المناسک: ج2 صفحہ264

محدث فتویٰ